2379 ـ ميت كے حاصل كردہ سودى قرضہ كى ادائيگي كى كيفيت

سوال

ميرے والد كچھ مدت قبل ہى فوت ہوئے اوروفات سے قبل انہوں نے كچھ اشياء كوجلد حاصل كرنے كے ليے اچھى خاصى رقم سودى قرضے كى شكل ميں حاصل كى اوراپنى وفات سے قبل اس قرضہ كوادا نہ كرسكے ، اورہم ان كى اولاد بھى موجودہ حالات ميں اتنے مال كے مالك نہيں كہ اس قرض كوادا كرسكيں ، لھذا ہميں كيا كرنا چاہيے ؟ ہمارى كوشش ہے كہ اس موضوع كے بارہ ميں جلد جواب ديں ميں اس بارہ ميں بہت پريشان ہوں ۔

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

آپ كوچاہيے كہ اپنے والد كےساتھ حسن سلوك كرتےہوئے اس قرض كوادا كرنے كى كوشش كريں ، اوريہ بھى كوشش كريں كہ صرف اصل مال ہى ادا كيا جائے اورسود ادا كرنے سے بچيں ، اورجن سے قرض حاصل كيا گيا ہے انہيں وعظ ونصيحت كريں كہ وہ صرف اصل مال ہى واپس ليں اورسود ترك ترك كرديں ۔

اوراس ميں بھى كوئي حرج نہيں كہ آپ ان كے ساتھ مذاكرات كريں اوراس معاملے پربھاؤ تاؤ كريں كہ انہيں صرف اصل مال ہى ملے نہ تو وہ ظلم كريں اورنہ ہى ان پر ظلم كيا جائے ، اوراس كے ساتھ ساتھ اپنے فوت شدہ والد كےليے دعائے مغفرت اوررحمت بھى كرتے رہيں ۔

واللہ اعلم .